نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کی 5 مئی 2026 تک ادائیگی یقینی بنائیں اور بذریعہ قرعہ اندازی بیش قیمت انعامات حاصل کرنے کا موقع پائیں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور: یکم مئی **2026**: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کے تیسرے مرحلے کے بل کی ادائیگی کا عمل جاری ہے۔کاشتکار اپنے ذمہ واجب الادا کسان کارڈ کے بل کی 5 مئی 2026 تک ادائیگی یقینی بنائیں اور بذریعہ قرعہ اندازی بیش قیمت انعامات جیتنے کا موقع پائیں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ کسان کارڈ کے بل کی ادائیگی کے بعد 24 گھنٹے کے اندر کاشتکار کو اگلے بلاسود زرعی قرضہ کی رقم اُن کے کسان کارڈ میں کریڈٹ کر دی جاتی ہے۔قبل ازیں،25 اپریل 2026 تک کسان کارڈ کی ادائیگی کرنے والے کاشتکاروں کو بذریعہ قرعہ اندازی ٹریکٹر سمیت دیگر انعامات دیئے جا چکے ہیں

☆☆☆☆